سوال

(754) خاوند طلاق دے دے مگر بیوی کو خبر نہ ہو؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک آدمی اپنی بیوی سے ایک لمبی مدت غائب رہا اور وہ اسے اپنے طور پر طلاق دے چکا تھا مگر بیوی کو اطلاع نہیں دی، تو کیا اس طرح طلاق ہو جاتی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہاں، طلاق ہو جاتی ہے، خواہ بیوی کو اس کی اطلاع نہ ہو۔ جب انسان نے طلاق کے لفظ بول دیے ہوں اور یوں کہہ دیا ہو کہ "میں نے اپنی بیوی کو طلاق دی" تو اسے طلاق ہو جاتی ہے، بیوی کو اس کی خبر ہو یا نہ ہو۔ اور اگر ایسی عورت کو اپنی طلاق کا علم اس وقت ہو جب طلاق کے بعد اس کے تین حیض گزر چکے ہوں تو اس کی عدت بھی ختم ہو چکی ہوگی۔ مثلاً اگر کوئی مرد فوت ہو جائے اور بیوی کو اس کی خبر عدت کی مدت گزر جانے کے بعد ہو تو اس پر مزید کوئی عدت نہیں ہوگی، کیونکہ وہ مدت ختم ہو چکی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 540

محدث فتویٰ